27/02/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کشمیر یونیورسٹی کے 21ویں کنووکیشن میں کل طالب علموں میں ڈگریاں اور گولڈ میڈل تقسیم کئے ۔ انہوں نے نوجوانوں سے تلقین کی کہ وہ ملک کی پائیدار ترقی کو یقینی بناتے ہوئے بھارت کو ہر شعبے میں عالمی لیڈر بنانے میں اپنا رول ادا کریں۔

نائب صدر نے ڈگریاں حاصل کرنے والے طالب علموں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنی صلاحیتونکوتعمیری سرگرمیوں میں استعمال کرنے کی تاکیدکی ۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ منشیات کے استعمال سے دور رہیں۔

لیفٹنٹ گورنر

کنوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے چانسلر اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ حصول تعلیم سماج میں بدلاؤ لانے کا باعث بنتاہے۔ انہوننے فارغ التحصیل طالب علمونکے مستقبل کے تئیں نیک خواہشات کااظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

وزیر اعلیٰ

جلسہ

تقسیم اسناد کی تقریب سے یونیورسٹی کے پرو چانسلر اور جموں کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی خطاب کیا ۔ ۂ

انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ مراکز قائم کرنے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

اس سے قبل یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے
ڈھانچے کا خلاصہ کیا۔ یونیورسٹی کی سرگرمیوں اور بنیادی

منڈاویہ

کھیل کو دکے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ گلمرگ میں منعقد ہونے والا کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا اگلا شمارہ 15روز پر محیط ہوگا۔

گالف کورس گلمرگ مینکھیلو انڈیا ونٹر گیمز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں سرما ئی کھیلوں کو تقویت بخشنے کیلئے نیشنل سینٹر آف ایکسی لنس قائم کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے کسانوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بینکوں کو زرعی شعبے میں قرضوں کی فراہمی میں اضافہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ اپنی قرضوں کی فراہمی کی حکمت عملیوں کو بہتر بنا کر زرعی شعبے کو مناسب مالی مدد فراہم کریں ۔ اس کا خلاصہ انہوں نے دسمبر 2025 کو ختم

ہونے والی سہ ماہی کے لیے بینکوں اور لائن ڈپارٹمنٹس کی کارکردگی اور سالانہ کریڈٹ پلان کے تحت پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے ضلع سطح کیجائزہ کمیٹی اور ضلع مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ کے دوران کیا ۔

شوپیاں

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر شوپیاں ڈاکٹر ناصر احمد لون نے ضلع بھر میں خود روزگار پیدا کرنے اور مالی شمولیت کے اقدامات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے لائن ڈپارٹمنٹس اور بینکنگ اداروں کے درمیان مسلسل تال میل قائم کرنے پر زور دیا ہے۔

انہوں نے مالیاتی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی اور ضلع مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ۔

عہدہ

آفیسر اطہر عامر خان نے ضلع بڈگام میں ڈپٹی کمشنر کی حیثیت سے اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے ۔ اسی طرح سے IAS سینئر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ڈپٹی کمشنر اننت ناگ اور سید فخر الدین حامد نے ڈپٹی کمشنر بارہمولہ کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں ۔

TRAI

نے گورنمنٹ کالج فار وومن ایم اے روڈ سرینگر میں ٹیلی کام اور براڈکاسٹنگ (TRAI) ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی آف انڈیا سیکٹر میں سروس کے معیار پر کنزیومر رابطہ کاری کا پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام میں تقریباً دو سو شرکاءنے شرکت کی سے رجسٹرڈ کنزیومر آرگنائزیشنز، ٹیلی کام سروس کنندگان اور جموں و کشمیر حکومت TRAIجن میں طلباء، کالج عملہ ، کے نمائندے شامل تھے ۔ اس موقعہ پر سائبر فراڈ کے ساتھ ساتھ دیگرفراڈس کو روکنے کے اقدامات پر بحث و مباحثے کئے گئے ۔

ریل

کو چلانے کی مدت میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا VISTADOME شمالی ریلوے کی طرف سے وادی میں خاص ریل گاڑی گیا ہے ۔ شیڈول کے مطابق بڈگام سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ تک اور پھر واپس اسی روٹ پر اتوار کو چھوڑ کر ہفتے کے چھ دن دو جولائی 2026 تک چلائی جائے گی ۔

بانڈی پورہ

گورنمنٹ ڈگری کالج بانڈی پورہ میں ضلع سطح کا وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026 منعقد کیا گیا۔وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ طلبہ کو جمہوری اقدار اور قوم سے متعلق کئی مسائل پر غور و فکر کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے ۔ پروگرام میں دیگر کئی کالجوں اور طلباءکی پرجوش شرکت دیکھی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****